**19.08.2025**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... ضمیر رضوی

**Music**

------------------------------

☆ حکومت نے راجستھان کے Kota-Bundi میں ایک ہزار 500 کروڑ روپے سے زیادہ لاگت کے گرین فیلڈ ہوائی اڈّے کی تعمیر کو منظوری دے دی ہے۔ حکومت نے اوڈیشہ میں 8 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے 6-لین والے راجدھانی خطہ رِنگ روڈ پروجیکٹ کو بھی منظوری دی ہے۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے نئی دلّی میں چین کے وزیر خارجہ Wang Yi کے ساتھ میٹنگ کے دوران بھارت-چین سرحد پر امن و سکون برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا۔

☆ پارلیمنٹ نے کانوں اور معدنیات سے متعلق ترقیاتی اور انضباتی ترمیمی بل کو منظوری دے دی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، مردوں کے آئندہ ٹی-20 ایشیا کپ اور خواتین کے ODI عالمی کپ کے لیے بھارتی ٹیم کا اعلان کردیا گیا ہے۔

----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

## Cabinet

مرکزی کابینہ نے راجستھان کے کوٹہ بُندی میں گرین فیلڈ ہوائی اڈے کی تعمیر کو منظوری دی ہے، جس کی تخمینہ لاگت ایک ہزار 507 کروڑ روپے ہے۔ اِس پروجیکٹ میں 20 ہزار مربع میٹر رقبے پر ٹرمنل عمارت کی تعمیر بھی شامل ہے، جو انتہائی مصروف اوقات میں ایک ہزار مسافروں کیلئے کار آمد ثابت ہوگی۔

**S/B: 1705-Vaishnaw Kota Airport**

کوٹہ، بھارت کے معروف تعلیمی کوچنگ ہب کے طور پر مشہور ہے۔ کوٹہ کی تعلیمی اور صنعتی شعبے میں موجودگی سے گرین فیلڈ ہوائی اڈے کو بنیادی ڈھانچے کے اہم پروجیکٹ کے طور پر اہمیت حاصل ہوگئی ہے، جس سے اِس خطے کی ٹریفک آمد و رفت کے مسئلے سے نمٹا جاسکے گا۔

نئی دلّی میں آج دوپہر اِس بارے میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ کابینہ نے 8 ہزار 307 کروڑ 74 لاکھ روپے کی لاگت سے اوڈیشہ میں چھ لین والے کیپٹل ریجن رِنگ روڈ کی تعمیر کو

بھی منظوری دی ہے۔
بھوبنیشور بائی پاس سے اوڈیشہ اور دیگر شمالی ریاستوں کو خاطر خواہ فائدہ پہنچے گا۔ اِس کی بدولت بھاری کمرشیل ٹریفک کو کٹک، بھوبنیشور اور Khordha شہروں سے دور رکھا جاسکے گا۔

**S/B: 2100- Final Vaishnaw-6 Lane**

اِس بائی پاس سے خطے میں مال برداری کی کارکردگی میں اضافہ ہوگا، لاجسٹک لاگت میں کمی آئے گی اور سماجی-اقتصادی ترقی ممکن ہوسکے گی۔×

**Rev. PM China FM - Talks**

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج بھارت-چین سرحد پر امن و سکون برقرار رکھنے کی اہمیت پر زور دیا ہے اور سرحدی معاملے کے ایک منصفانہ، معقول اور باہمی طور پر قابلِ قبول حل کے بھارت کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ جناب مودی نے آج شام نئی دلّی میں چین کے وزیر خارجہ Wang Yi کا خیر مقدم کیا۔ جناب Yi نے وزیر اعظم کو چین کے صدر Xi Jinping کا پیغام اور SCO سربراہ کانفرنس کا دعوت نامہ سونپا، جو Tianjin میں ہوگی۔ جناب مودی نے SCO سربراہ کانفرنس کے دعوت نامے کے لیے چین کے صدر کا شکریہ ادا کیا اور اُسے قبول کیا۔ انہوں نے SCO سمٹ میں چین کی صدارت کے لیے حمایت کا اظہار کیا اور کہا کہ وہ Tianjin میں چین کے صدر Xi Jinping سے ملاقات کے منتظر ہیں۔
جناب مودی نے اِس بات کا ذکر کیا کہ بھارت اور چین کے درمیان مستحکم اور سودمند تعلقات سے خاص طور پر علاقائی اور عالمی امن و خوشحالی میں تعاون ملے گا۔ اِس دوران ذرائع نے کہا کہ چین نے بھارت کی 3 اہم تحفظات کے ازالے کا وعدہ کیا ہے۔
اِس سے قبل دن میں بھارت کے قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال اور چین کے وزیر خارجہ Wang Yi نے نئی دلّی میں دونوں ملکوں کے درمیان سرحدی معاملے پر خصوصی نمائندوں کے 24 ویں مذاکرات کیے۔ اپنے افتتاحی کلمات میں جناب ڈوبھال نے کہا کہ گذشتہ 9 ماہ میں سرحد پر صورتحال بہتر ہوئی ہے اور پُر امن اور پُر سکون ہیں۔

**SB - 1400 - Ajit Doval**

اِس دوران چین کے وزیر خارجہ Wang Yi نے اِس بات پر زور دیا کہ گذشتہ کُچھ برس میں دونوں ملکوں نے جس صورتحال کا سامنا کیا وہ دونوں ملکوں کے عوام کے مفاد میں نہیں تھی۔

**SB - Wang Chinese - Kazan Meet**

**PM - Shukla Interaction**

وزیر اعظم نریندر مودی نے مستقبل کے مشنوں کے قیادت کی خاطر بھارت میں خلاء بازوں کے ایک بڑے گروپ کو تیار کرنے کی ضرورت کو اجاگر کیا ہے۔ کل نئی دلّی میں گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا کے ساتھ بات چیت کے دوران جناب مودی نے یہ بات کہی۔ انہوں نے کہا کہ اب بھارت کے آئندہ 2 اہم مشن ہیں ''بھارت خلائی اسٹیشن'' اور ''گگن یان''۔ وزیر اعظم نے زور دیا کہ آئندہ مشنوں میں گروپ کیپٹن کا تجربہ انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا۔ وزیر اعظم کا جواب دیتے ہوئے گروپ

کیپٹن شکلا نے کہا کہ یہ حصولیابی ملک کی ایک اہم کامیابی ہے۔ وہ بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کے اپنے تاریخی مشن کے بعد ہفتے کے روز واپس وطن آئے ہیں۔×

**PM - Gaya Project**

وزیر اعظم نریندر مودی اِس ماہ کی 22 تاریخ کو بہار کے Gaya میں Aunta - Simaria پروجیکٹ کا افتتاح کریں گے۔ اِس پروجیکٹ میں دریائے گنگا پر تقریباً 2 کلومیٹر طویل پُل شامل ہے، جو پٹنہ ضلع کے Mokama اور بیگو سرائے کے درمیان براہ راست کنکٹی ویٹی فراہم کرے گا۔ نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے قومی شاہراہوں کی بھارتی اتھارٹی کے ممبر اَنِل چودھری نے مطلع کیا کہ اِس پُل کو پُرانے 2 لین والے ریل اور سڑک پُل راجیندر سیتو کے ساتھ ساتھ تعمیر کیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اِس نئے پُل سے بہار کے شمالی اور جنوبی خطوں کے درمیان نقل و حمل کرنے والی بھاری گاڑیوں کے لیے سفر کا اضافی فاصلہ 100 کلو میٹر تک کم ہوسکے گا۔

جناب چودھری نے کہا کہ اِس پروجیکٹ سے سفر کو آسان بنانے کے ساتھ ساتھ بھاری گاڑیوں کے ایندھن کی بچت ہو پائے گی اور اُن کی لاجسٹک لاگت میں کمی آئے گی۔ وزیر اعظم مودی نے 2017 میں اِس پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھا تھا، جو بہار میں کنکٹی ویٹی اور علاقائی ترقی میں اضافے کے سلسلے میں ایک یکسر تبدیلی کا آغاز ہے۔×

**Rev. NDA Meeting**

NDA کے نائب صدر کے امیدوار سی پی رادھا کرشنن کل اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کریں گے۔ اُن کے پرچۂ نامزدگی داخل کرنے کے عمل میں NDA کے سبھی رہنماء شرکت کریں گے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج اپوزیشن پارٹیوں سمیت سبھی سیاسی جماعتوں سے NDA کے نائب صدر کے امیدوار سی پی رادھاکرشنن کو متفقہ طور پر منتخب کرنے کی اپیل کی ہے۔ نئی دلّی میں NDA کی پارلیمانی پارٹی کی میٹنگ کے دوران جناب مودی نے یہ کہتے ہوئے جناب رادھا کرشنن کو NDA کے ارکانِ پارلیمنٹ سے متعارف کرایا کہ رُکنِ پارلیمنٹ اور گورنر کی حیثیت سے انہوں نے مختلف فرائض انجام دیے۔

میٹنگ کے بعد میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے کہا کہ وزیر اعظم نے سبھی سیاسی پارٹیوں اور اُن کے ارکان پارلیمنٹ سے نائب صدر کے انتخاب کے لیے اتفاق رائے سے جناب رادھا کرشنن کی حمایت کرنے کی اپیل کی ہے۔

**SB - Kiren Rijiju**

اِس دوران اپوزیشن آئی این ڈی آئی اے بلاک نے نائب صدر کے انتخاب کے لیے سپریم کورٹ کے سابق جج بی سُدرشن ریڈّی کو اپنا امیدورا بنایا ہے۔ کانگریس صدر ملکا ارجُن کھڑگے نے کہا کہ سبھی اپوزیشن پارٹیوں نے جناب ریڈّی کو مشترکہ طور پر اپنا امیدوار نامزد کیا ہے۔ انہوں نے مطلع کیا کہ جناب ریڈّی اِس ماہ کی 21 تاریخ کو اپنا پرچۂ نامزدگی داخل کریں گے۔

**SB - Kharge**

نائب صدر کا انتخاب آئندہ ماہ کی 9 تاریخ کو ہوگا۔ نائب صدر کے عہدے کے لیے پرچائے نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 21 اگست ہے۔ کاغزاتِ نامزدگی کی جانچ پڑتال 22 اگست کو ہوگی، جبکہ اِس ماہ کی 25 تاریخ تک نام واپس لیے جاسکیں گے۔ جناب جگدیپ دھنکھڑ کے استعفے کے سبب یہ انتخاب ہورہا ہے، جنہوں نے صحت سے متعلق وجوہات کا حوالہ دیتے ہوئے گذشتہ ماہ استعفیٰ دے دیا تھا۔ یہ 17 واں نائب صدر کا انتخاب ہوگا۔ نائب صدر کو الیکٹورل کالج کی جانب سے منتخب کیا جاتا ہے، جس میں لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے ارکان ہوتے ہیں۔×

## RS Mines and Minerals

راجیہ سبھا کی جانب سے کانوں اور معدنیات ترمیمی بل 2025 کو آج منظور کیے جانے کے ساتھ ہی اِس بل کو پارلیمنٹ کی منظوری مل گئی ہے۔ لوک سبھا، اِس بل کو پہلے ہی منظور کرچکی ہے۔ یہ بل، کانوں اور معدنیات سے متعلق 1957 کے قانون، MMDR میں ترمیم کرے گا۔ اِس سے پہلے بل پیش کرتے ہوئے کوئلہ اور کانکنی کے وزیر جی کشن ریڈی نے کہا کہ MMDR قانون میں کی گئی ترمیمات، بھارت کو معدنیات کے شعبے میں خود کفیل بنانے کی جانب اہم قدم ہیں۔

S/B: 2100 G Kishen Reddy MMRD Bill-Intro

## Parrliament Adjourned

پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کی کارروائی میں آج بار بار رخنہ پڑا۔ بہار میں ووٹر فہرستوں پر نظرثانی کی خصوصی مہم، SIR کے معاملے پر ایوان کی کارروائی کئی مرتبہ ملتوی ہوئی۔

لوک سبھا نے شور و غل اور ہنگامہ آرائی کے درمیان انڈین انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ ترمیمی بل 2025 کو منظور کرلیا۔

ایوانِ زیریں نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن کا سفر کرنے والے بھارت کے پہلے خلاء باز گروپ کیپٹن شبھانشو شکلا پر خصوصی بحث دوبارہ شروع کی، جس کا مقصد سال 2047 تک وکست بھارت کے خلائی پروگرام کے اہم رول پر توجہ مرکوز کرنا تھا۔ بحث میں حصہ لیتے ہوئے BJP کے رکن پارلیمنٹ نشی کانت دوبے نے اپوزیشن پر ایوان کی کارروائی میں رخنہ ڈالنے اور اِس اہم موضوع پر بحث نہ ہونے دینے کا الزام لگایا۔

انہوں نے کہا کہ شبھانشو شکلا نے بین الاقوامی خلائی اسٹیشن پہنچنے والے پہلے بھارتی خلاء باز بن کر ملک کا سر فخر سے اونچا کیا ہے۔ جناب دوبے نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت نے بھارتی خلائی شعبے کو نظر انداز کیا اور اسرو کو مستحکم کرنے کیلئے کچھ نہیں کیا۔ جناب دوبے نے Nambi نارائن معاملے کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا کہ کس طرح قومی سطح کے کسی سائنسداں کو جسمانی اذیت کا سامنا کرنا پڑا۔

اِس سے پہلے صبح گیارہ بجے جب لوک سبھا کی کارروائی شروع ہوئی تو اسپیکر اوم برلا نے ایوان کو بتایا کہ ایوان کی کارروائی کا ترجمہ، اب کشمیری، کونکنی اور سنتھالی زبانوں میں بھی دستیاب ہوگا۔ جناب برلا نے کہا کہ اب تک ایوان کی کارروائی کا ترجمہ انگریزی اور ہندی سمیت اٹھارہ زبانوں میں فراہم کیا جا رہا تھا۔

جناب برلا نے اطلاع دی کہ کشمیری، کونکنی اور سنتھالی زبانوں کے اضافے کے بعد اب ایوان کی کارروائی کا ترجمہ آئین کے 8 ویں شیڈول میں موجود سبھی 22 زبانوں میں فراہم کیا جا رہا ہے۔

راجیہ سبھا میں بھی اسی طرح کی صورتحال رہی۔ راجیہ سبھا کی کارروائی جب صبح گیارہ بجے شروع ہوئی تو ڈپٹی چیئرمین ہری وَنش نے مختلف سیاسی جماعتوں کی جانب سے مختلف معاملات پر موصول التوا کے 20 نوٹسز کو مسترد کر دیا۔ اس کے بعد اپوزیشن اراکین نے SIR کے معاملے پر نعرے بازی شروع کر دی۔ بعد میں جب راجیہ سبھا کی کارروائی دوپہر 2 دوبارہ شروع ہوئی ایوان بالا نے کانوں اور معدنیات ترمیمی بل 2025 کو منظوری دے دی، جس کے بعد ایوان کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔×

**Asia Cup Squad**

بھارتی ٹیسٹ ٹیم کے کپتان شُبھمن گِل کو UAE میں ہونے والے آئندہ ایشیا کپ کے لیے بھارتی ٹی-20 ٹیم کا نائب کپتان مقرر کیا گیا ہے۔ سُریا کمار یادو بدستور بھارتی ٹی-20 ٹیم کے کپتان رہیں گے۔ گیند باز جسپریت بمراہ اور کُلدیپ یادو کو بھی ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ BCCI کے چیف سیلیکٹر اجیت اگرکر نے ایک پریس کانفرنس میں اعلان کرتے ہوئے کہا کہ 9 ستمبر سے 28 ستمبر تک اَبُوظہبی اور دُبئی میں ایشیا کپ ٹی-20 ٹورنامنٹ کھیلا جائے گا، جس میں 8 ٹیمیں شامل ہوں گی۔ دفاعی چیمپئن بھارت، پاکستان، اومان اور UAE کے ساتھ گروپ-اے میں ہے۔ بھارتی ٹیم کا پہلا میچ 10 ستمبر کو UAE کے ساتھ ہوگا اور اِس کے بعد بھارتی ٹیم 14 ستمبر کو روایتی حریف پاکستان کے خلاف میچ کھیلے گی۔×

**Women ODI**

ہرمن پریت کور، پہلی مرتبہ خواتین کے ICC کرکٹ عالمی کپ میں بھارت کی کپتانی کریں گی۔ وہیں اسمرتی مندھانہ نائب کپتان ہوں گی۔ BCCI نے 30 ستمبر سے بھارت میں کھیلے جانے والے کرکٹ عالمی کپ کیلئے پیر کے روز 15 رکنی ٹیم کا اعلان کر دیا ہے۔ تیز گیند باز رینوکا ٹھاکر، چوٹ سے ابھرنے کے بعد ٹیم میں واپسی کر رہی ہیں، جبکہ آل راؤنڈر امن جوت کور، زخمی پوجا وَسترا کر کی جگہ لیں گی۔ سلامی بلے باز شیفالی ورما کو ٹیم میں شامل نہیں کیا گیا ہے۔ بھارت، سری لنکا کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ یہ میچ بینگلورو کے ایم چِنّا سوامی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ میزبان بھارت کو اِس ٹورنامنٹ کا مضبوط دعویدار مانا جا رہا ہے۔ اس علاوہ دفاعی چمپئن آسٹریلیا اور چار مرتبہ کی فاتح ٹیم انگلینڈ بھی خواتین کے کرکٹ عالمی کپ کی دعویدار سمجھی جا رہی ہیں۔×

**Jaishankar - Russia**

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر روس کے 3 روزہ سرکاری دورے پر آج شام ماسکو پہنچ گئے ہیں۔ وہ کل تجارت، معیشت، سائنسی، تکنیکی اور ثقافتی اشتراک سے متعلق بھارت-روس بین حکومتی کمیشن کے 26 ویں اجلاس کی مشترکہ طور پر صدارت کریں گے۔ ڈاکٹر جے شنکر ماسکو میں بھارت-روس کاروباری فورم کی میٹنگ سے بھی خطاب کریں گے۔ اپنے دورے کے دوران وزیر خارجہ، روس کے وزیر خارجہ Sergey Lavrov سے بھی ملاقات کریں گے اور علاقائی اور عالمی معاملات پر مشترکہ نظریہ اور باہمی ایجنڈے کا جائزہ لیں گے۔ اُن کے اِس دورے کا مقصد طویل مدتی بھارت-روس خصوصی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنا ہے۔×

**Prez Officer Trainees**

انڈین فارین سروِس کے زیر تربیت افسران نے آج راشٹرپتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے کہا کہ بھارت کی سفارتکاری، ملک کو سال 2047 تک ترقی یافتہ بنانے کے ویژن اور گھریلو اہداف کے مطابق ہونی چاہیے۔ انہوں نے افسران سے امن، تکثیریت اور بات چیت جیسی تہذیبی اقدار کو سب سے اوپر رکھنے اور عالمی نظریات کے تئیں کُھلا ذہن رکھنے کی اپیل کی۔ تیزی سے بدلتے عالمی سیاسی حالات اور ماحولیاتی منظر نامے کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عالمی چیلنجوں کو حل کرنے میں بھارت کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ صدر جمہوریہ نے بیرونی ممالک میں بھارت کی ثقافت کو فروغ دینے میں ثقافتی سفارتکاری کے بڑھتے رول پر زور دیا۔×

**Night Economy - Delhi**

قومی راجدھانی دلّی میں ریستوراں، Pubs اور کھانے کے ہوٹل اب معمول کے اوقات سے زیادہ کھلے رہیں گے، تاکہ شہر کی معیشت کو فروغ حاصل ہوسکے۔ اِس سلسلے میں دلّی کے لیفٹیننٹ گورنر وِنے کمار سکسینا نے آج ایک فائل کو منظوری دی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب سکسینا نے کہا کہ کام کاج کے اوقات میں اِس توسیع سے دلّی میں Night Economy کو فروغ حاصل ہوگا، جس سے شہر میں سرمایہ کاری کو راغب کیا جاسکے گا اور روزگار کے اضافی مواقع پیدا ہوسکیں گے۔ کام کاج کے اوقات کے مطابق ریستوراں، Pubs اور کھانے کے ہوٹل دیر رات 1 بجے تک کھلے رہیں گے، جبکہ 3 ستارہ ہوٹلوں میں ریستوراں اور Bars کو دیر رات 2 بجے تک کُھلے رہنے کی اجازت ہوگی۔ تاہم 4 اور 5 ستارہ ہوٹلوں میں ریستوراں اور Bars کو 24 گھنٹے اور ہفتے میں ساتوں دن کُھلے رہنے کی اجازت ہوگی۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆